Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 7 Preparation

Q1. قوم سبا کہاں آباد تھی-

Ans 1: قوم سبا یمن میں آباد تھی

Q2. سورۃ الانبیاء کی علمی و عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- جو بات ہم نہیں جانتے وہ ہمیں علم رکھنے والوں سے پرچھ لینی چاہیے. 2- اللہ تعالی نے یہ دنیا محض کھیل تماشہ کے لیے نہیں بلکہ بامقصد طور پر پیدا فرمائی ہے.- 3- اللہ تعالی ہمیشہ حق کو باطل سے ٹکراکر باطل کا سر کچل دیتا ہے. 4- ہرشخص اپنے اعمال کا اللہ تعالی کے سامنے جواب دہ ہے. 5- جوُ بآت ہم نہیں جانتے وہ ہمیں علم رکھنے والوں سے پوچھ لینی چاہیے-

Q3. کس عمل کی کوئی دلیل نہیں

Ans 1: شرک کی کوئی دلیل نہیں.

Q4. سورۃ یٰسین کی فضیلت کیا ہے.

Ans 1: سورۃ یٰسین بہت فضیلت والی سورت ہے. اس قرآن مجید کا دل قرار دیا گیا ہے.

Q5. سورۃ ص میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ ص میں اٹھاسی آیات ہیں

Q6. سورۃ القصص کا خلاصہ کیا ہے.

Ans 1: سورہ القصص کے پہلے پانچ رکوعوں میں بہت تفصیل کے ساتھ حضرت موسیٰ کا واقعہ بیان کیا گیا ہے قرآن مجید میں پچھلے انبیاء کرام علیہ السلام میں سب سے زیادہ تفصیل کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زکر ایا ہے، کیونکہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کی حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی سرت طیبہ کے ساتھ کئی چیزوں میں مشابہت ہے. سورۃ القصص کا خلاصہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زکر کرکے حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی رسالت اور آپ کی دعوت کی سچائی کو ثابت کرنا ہے.

Q7. سورۃ الحج کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کریں-

Ans 1: 1- شرک کے لیے کوئی دلیل نہیں ہے- 2- ساری کائنات اللہ تعالی کے حضور سجدہ ریز ہے.

Q8. حق کار انکار کرنےوالے کن کی طرح ہیں.

Ans 1: حق کاانکار کرنے والے مردوں ، بہروں اور اندھوں کی طرح ہیں.

Q9. ترجمہ کریں- رب انصرنی علی القوم المفسدین-

Ans 1: اے میرے رب ! میری مدد فرما ان فساد مچانے والے لوگوں کے مقابلہ میں-

Q10. سورہ الصفت کس پارے میں ہے.

Ans 1: سورہ الصفت 23 پارے میں ہے.